مجله تحريك طالبان پاكستان

12

رجب المرجب ۱۴۴۴ ه ق بمطابق فروري ۲۰۲۳ ء



- مولانا عبد العزیز غازی حفظہ اللہ سے ملاقات
- رکن رہبری شوریٰ عمر خراسانی حفظہ اللہ کا خصوصی انٹرویو
- ریاست کیخلاف جہاد سے متعلق فتویٰ، سوالات تو مقتضائے حال کے موافق ہوں!
- فاسق لوگ، اعلیٰ عہدے

UMAR MEDIA

http://t.me/TTPmagazine
http://www.umarmedia.me

@umarmedia

فہرست مضامین

جامعہ حفصہ کے آنسو اب بھی بہہ رہے ہیں

تحریک طالبان پاکستان گزشتہ ہفتے جامعہ حفصہ میں ہونے والی سفاکیت کی مذمت کرتی ہے اور ان علمائے کرام کو مخاطب کرتی ہے جو پاکستان کو اسلامی ریاست اور ان پر قابض ظالم اور جابر لوگوں کو امیر المؤمنین سمجھتے ہیں کہ رات کے اس پہر خواتین کے کمروں میں گھسنا اور انہیں نکال کر تعمیرات کو مسمار کرنا کونسی اسلامی ریاست میں جائز ہے؟۔

اسلام تو امن کا دین ہے، مساجد و مدارس کو تعمیر کرنے کا حکم دیتا ہے، جبکہ پاکستان میں آئے روز مساجد و مدارس گرائے جاتے ہیں۔ کیا آپ نے کسی ہندو کو مندر گراتے ہوئے، عیسائیوں کو چرچ گراتے ہوئے یا یہودیوں کو اپنی عبادت گاہیں گراتے ہوئے سنا ہے؟ ہرگز نہیں۔ یہ مثال آپ کو پاکستانی غلام اور اجرتی قاتل فوج حکمرانوں کے علاوہ کہیں نہیں ملے گی۔

آج کل پاکستان اقتصادی طور پر تقریباً دیوالیہ ہو چکا ہے، اللہ کے در کو چھوڑ کر آئی ایم ایف کے آگے جھولی پھیلائی ہوئی ہے اور حسب معمول وہ مطالبے رکھتے ہیں جو آہستہ آہستہ پورے کیے جا رہے ہیں۔ لال مسجد اور جامعہ حفصہ کو اسلام آباد سے ہٹانے کا غیر ملکی ایجنڈا بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جس پر کئی دفعہ کوشش کی گئی ہے لیکن الحمد للہ جامعہ حفصہ کی طالبات نے بھرپور دفاع کرتے ہوئے ان ظالموں کے خواب کو چکنا چور کیا ہے۔

وطن عزیز کے تمام طلباء، علماء، مذہبی طبقات و دیگر مسلمانوں پر فرض ہے کہ وہ ان حالات میں لال مسجد و جامعہ حفصہ کا دفاع کریں اور ہر حملہ آور کیخلاف مسلح ہو کر لڑیں جیسا کہ وہ بھی مسلح ہے۔ تحریک طالبان پاکستان کی ہمدردیاں لال مسجد کے ساتھ ہیں اور رہیں گی۔ ان شاء اللہ العزیز۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللّٰہ، وعلی آلہ وصحبہ ومن والاہ، اما بعد فاعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم یٰاَیّھا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہ وَکُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ (سورۃ التوبۃ: ۱۱۹)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ! ہمارا تعلق اہل سنت والجماعۃ سے ہے، ہم علماء اور رجالِ دین کی قدر دل و جان سے کرتے ہیں، چہ جائے کہ ان کی توہین و تحقیر کریں، حضرت شیخ الاسلام مفتی محمد تقی عثمانی صاحب (زِیدَ مَجدُہ) تو موجودہ دور میں چوٹی کے عالم ہیں، ان کا علمی مقام اپنی جگہ مسلم ہے مگر مفتی صاحب نے جو بیانیہ ہمارے حوالے سے دیا ہے ہم اس کی وضاحت اس لیے ضروری سمجھتے ہیں کہ اگر ادب و احترام کی وجہ سے ہم خاموش رہیں تو کہیں ہم مسلمانوں کی لاتعداد قربانیوں کے ساتھ خیانت کرنے والوں میں شمار نہ ہوجائیں۔

مفتی صاحب نے جو یہ بات کہی ہے کہ پاکستان ایک اسلامی ریاست ہے، اس کے خلاف مسلح جنگ کھلی بغاوت ہے۔

اس بارے میں عرض ہے کہ موجودہ جنگ کی ابتداء ہم نے نہیں کی ہے، بلکہ ہم نے تو امارت اسلامی افغانستان کے خلاف حملہ آور امریکا اور اس کے اتحادیوں کے خلاف اپنے مقدس جہاد کی ابتداء کی تھی، مگر پاکستان کی حکومت اور افواج نے اپنے مغربی آقاؤں کی خوشنودی حاصل کرنے اور ان سے ڈالر بٹورنے کے لئے ہماری آزاد سرزمین پر ہمارے یہاں پناہ گزین مہاجرین کے خلاف اپریشنز شروع کئے، جس کے ردعمل میں ہمارے استفتاء کے بغیر پاکستان کے مؤقر دینی اداروں کے ساتھ تعلق رکھنے والے پانچ سو سے زائد جید و ممتاز علمائے کرام نے افواجِ پاکستان کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا، جو بعد میں "وانا اپریشن سے متعلق علماء کا متفقہ فتویٰ" کے نام سے بار بار شائع ہوا، چنانچہ ہم نے اس فتوے اور اس جیسے دیگر اکابر کے فتاویٰ جات کی روشنی میں اپنے جہاد کا رُخ پاکستان کی طرف بھی موڑ لیا۔

تو جب پہل ہماری طرف سے نہیں تو ہمیں کیوں موردِ الزام ٹھہرایا جا رہا ہے؟!

اور ساتھ میں یہ بات بھی ہے کہ بغاوت تو امام برحق یا امام عادل کے خلاف ناحق قیام کی صورت میں ہوتی ہے، جیسا کہ البنایۃ شرح الہدایۃ میں بَابُ البُغَاۃ کے تحت ہے: فَاَھلُ الْبَغْیِ ھمُ الْخَارِجُوْنَ عَلَی اِمَامِ الْحَقِّ بِغَیْرِ حَقٍّ۔

جبکہ ہمارے نزدیک پاکستان کے حکمرانوں کو امام عادل کی حیثیت دینا قطعاً درست نہیں، کیونکہ انہوں نے عالم اسلام اور کفر کے درمیان جاری جنگ میں دہشت گردی کے نام پر عالمی دہشت گردوں (امریکا و نیٹو) کا ساتھ دیا، افغان ملت اور عراقی عوام کے خلاف امریکی بربریت کا ساتھ دیا، امیر المؤمنین ملا اختر منصور رحمہ اللہ کو امریکی مفادات کے لیے شہید کروایا، سفارتی اور اسلامی اصولوں کو پامال کرتے ہوئے طالبان سفیر ملا عبد السلام ضعیف صاحب کو بڑی بے عزتی کے ساتھ امریکا کے حوالہ کیا، امریکی خوشنودی کے لیے سابق طالبان وزیرِ دفاع مولانا عُبید اللہ اخند صاحب کو گرفتار کر کے شہید کیا، ہردلعزیز شخصیت افغان جہادی رہنما استاذ یاسر صاحب کو گرفتار کر کے سالہا سال سے لاپتہ کیا، افغان طالبان کے خلاف امریکا کو فضائی، زمینی اور بحری راستے اور اڈے دیئے، انہیں لاجسٹک سپورٹ مہیا کی، پاکستان کی سرزمین سے افغان مسلمانوں پر ۵۷ ہزار حملوں کی سہولت کاری کی، جس کے نتیجے میں اُس وقت کی واحد اسلامی حکومت سقوط سے دوچار ہوئی اور لاکھوں مسلمان شہید ہوئے، چھ سو سے زائد عرب مجاہدین و مہاجرین کو ڈالروں کے بدلے امریکہ کے سپرد کیا، قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو امریکا کے ہاتھ فروخت کیا، دونوں اطراف سے مجاہدین کا راستہ روکنے کے لیے امریکہ کے کہنے پر اپنی مشرقی سرحد سے مغربی سرحد پر ڈیڑھ لاکھ فوج کو لاکھڑا کیا، امریکی حکم پر اپنے مسلمان عوام کے خلاف المیزان اپریشن سے لیکر ردالفساد تک بیشمار اپریشن کیے، پاکستان کی ظالمانہ پالیسیوں کی مخالفت کرنے والے جامعہ فریدیہ کے مہتمم و خطیبِ لال مسجد مولانا عبد اللہ صاحب، مفتی نظام الدین

شامزئی صاحب، شہید اسلام مولانا یوسف لدھیانوی صاحب، شیخ ولی اللہ کابلگرامی صاحب، غازی عبد الرشید صاحب، شیخ نصیب خان صاحب، مولانا سمیع الحق صاحب اور ڈاکٹر عادل خان صاحب رحمھم اللہ جیسے دسیوں علمائے حق کو شہید کروایا، اپنی قوم کی باحیاء طالباتِ جامعہ حفصہ کو فاسفورس بموں سے بھون ڈالا، قبائل میں سینکڑوں مدارس و مساجد کو مسمار کیا، لاکھوں قبائلی مسلمانوں کو اپنے گھروں سے بے گھر کر کے آئی ڈی پیز بننے پر مجبور کیا، حدود آرڈیننس جیسے دیگر قوانین کو منسوخ کر کے ان کی جگہ ایسے قوانین کا اجراء کیا جن سے وطنِ عزیز میں فحاشی و عریانی کو فروغ ملا، چنانچہ ٹرانس جینڈر بل، میرا تھن ریس اور زنا بالرضا کی حوصلہ افزائی جیسے امور اس کی واضح مثالیں ہیں۔

ہم کس طرح پاکستان کے حکمرانوں پر امامِ عادل کا اطلاق درست مان سکتے ہیں؟! ان پر تو مفتی اعظم ہند مفتی کفایت اللہ دہلوی رحمہ اللہ کا فتویٰ پوری طرح منطبق ہوتا ہوا نظر آتا ہے، جو کفایت المفتی جلد: ۱، صفحہ ۱۳۹ میں درجِ ذیل الفاظ کے ساتھ مذکور ہے:

واولی الامر منکم سے علماء یا حکام مسلمین مراد ہیں، یعنی ایسے حکام جو مسلمان ہوں اور خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق احکام جاری کریں۔ ایسے مسلمان حاکم جو خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کے خلاف حکم جاری کریں **من لم یحکم بما انزل اللّٰہ فاولئک ھم الکافرون** میں داخل ہیں، اور خدا اور رسول کے خلاف حکم جاری کرنے والوں کو قرآن پاک میں طاغوت فرمایا گیا ہے۔ اور طاغوت کی اطاعت حرام ہے۔ پس جو شخص ایسے حکام کو جو الٰہی شریعت اور آسمانی قانون کے خلاف حکم کرتے ہیں اولی الامر منکم میں داخل قرار دے وہ قرآن پاک کی نصوصِ صریحہ کی مخالفت کرتا ہے، انگریزی قانون کے ماتحت خلافِ شرع حکم کرنے والے خواہ غیر مسلم ہوں خواہ نام کے مسلمان ہوں طاغوت ہیں، اولی الامر میں کسی طرح داخل نہیں ہو سکتے۔

رہی یہ بات کہ ریاستِ پاکستان اسلامی ہے تو اگر ریاست سے مراد ملک و وطن ہو تو یہ بات تو یقینی ہے کہ پاکستان مسلمانوں کا ملک اور وطن ہے اور اگر ریاست سے مراد حکومت ہو تو نہ حکومت اسلامی ہے اور نہ ہی خود مختار ہے، بلکہ حکومتِ پاکستان غیر شرعی، ظالم اور امریکا و مغربی طاقتوں کی کٹھ پتلی اور غلام ہے، پاکستان کی فوج برطانیہ کی تیار کردہ فوج کا تسلسل ہے جو ہمیشہ مسلمانوں اور اسلامی اَقدار کے خلاف کرائے کی فوج کے طور پر استعمال ہوئی ہے، اس حوالے سے پاکستانی فوج کی ایک طویل سیاہ اور شرمناک تاریخ ہے، جس کے بیان کا فی الحال موقع نہیں۔ کسی حکومت کے اسلامی ہونے کے لئے مفتی اعظم مفتی رشید احمد لدھیانوی رحمہ اللہ احسن الفتاوی جلد ۶ صفحہ ۲۱ میں فرماتے ہیں کہ جب تک کوئی حکومت اسلامی احکام کو نافذ نہ کرے اُس وقت تک وہ اسلامی حکومت نہیں۔

فتاوی بینات جلد: ۲، صفحہ: ۲۹۱ میں محدث العصر استاذ الاساتذہ محمد یوسف بنوری صاحب رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

حقیقت یہ ہے کہ قرآن کریم نے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن اولی الامر کی اطاعت اور توقیر و تعظیم کا حکم دیا ہے اُن سے مراد وہی امراء ہیں جو حدود اللہ قائم کرتے ہیں، امر بالمعروف نہی عن المنکر کرتے ہیں، خود عالم دین ہیں یا کم از کم تعلیمِ دین اور اقامتِ شرعیہ کا فریضہ ادا کرنے پر قائم ہیں، ان کی اطاعت شریعت و دین کا جُز ہے، اگر کوئی امیر یا حاکم وقت خلافِ شریعت حکم دے تو خود اس کی شرعی حیثیت ختم ہو جاتی ہے، تو اس کی اطاعت تو کیا بلکہ مخالفت کرنی ہو گی۔

مفتی نظام الدین شامزئی صاحب اپنے فتوے میں لکھتے ہیں:

اسلامی ممالک کے جتنے حکمران اس صلیبی جنگ میں امریکہ کا ساتھ دے رہے ہیں اور اپنی زمین، وسائل اور معلومات ان کو فراہم کر رہے ہیں وہ مسلمان پر حکمرانی کے حق سے محروم ہو چکے ہیں، تمام مسلمانوں کو چاہئے کہ ان حکمرانوں کو اقتدار سے محروم کریں، چاہے اس کے لیے جو بھی طریقہ استعال کیا جائے۔ اسی طرح مفتی نظام الدین شامزئی صاحب اپنے ایک بیان میں فرماتے ہیں:

اور یہ جو منافق ہم پر مسلط ہیں سب سے پہلے ان کے خلاف اٹھ کر مسلح جہاد کرنا ہو گا، میں قلم کا جہاد نہیں کہہ رہا ہوں، میں زبان کا جہاد نہیں کہہ رہا ہوں، بہت کر چکے ہم، بہت کر چکے قلم کا جہاد، بہت کر چکے زبان کا جہاد، اب اِن کا علاج سوائے اس کے کچھ نہیں، اگر مسلمان نوجوانوں میں قوت ہے تو اٹھ کر ان کا گلہ دبا دیں، یہ سروں کی فصل پک چکی ہے، اور یہ گرنے کے لیے تیار ہے۔

طالبان باغی نہیں، بلکہ کھلے باغی تو پاکستانی سیکیورٹی ادارے ہیں کہ

وہ شریعت کے مقابلے میں مجاہدین کے خلاف برسرِ پیکار ہیں، مولانا یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ آپ کے مسائل اور ان کا حل جلد: ۷، صفحہ: ۵۳۵ میں ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں:

طالبان محض اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے لڑ رہے ہیں، اس لیے وہ ان شاء اللہ حق پر ہیں، اور باقی لوگ ان کے مقابلے میں باغیوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔

دوسری بات یہ کہ ہم نے آپ حضرات کو یہ بات نہیں کی تھی کہ ہم آئندہ ہتھیار نہیں اٹھائیں گے، ہم اس بات کی مکمل تردید کرتے ہیں، ہم نے یہ بات نہیں کی۔

الحمد للہ! جہادِ پاکستان ہم نے شرعی دلائل کی روشنی میں شروع کیا تھا، پانچ سو سے زائد جید علماء کرام کے فتویٰ سے یہ مقدس جہاد شروع ہوا تھا، جس میں ہزاروں جوان شہید ہوئے، اور ہزاروں جوانوں نے قید وبند کی صعوبتیں برداشت کیں، اور ہزاروں لاپتہ ہیں، اور ہزاروں جوان آج بھی میدانِ جہاد میں مصروفِ عمل ہیں، روزانہ کی بنیاد پر پاکستان کی اسلام دشمن فوج کو ٹھکانے لگا رہے ہیں اور خود بھی اپنا مبارک لہو بہا کر ان سے اپنی پاک جہادی اور اسلامی سرزمین آزاد کرانے میں مصروفِ عمل ہیں۔

الحمد للہ! ہمارا مقدس جہاد امید کے ایک معیاری پڑاؤ میں داخل ہو چکا ہے، ایک محاذ پر جہادی عمل کے ذریعے شیطانِ اکبر اور اس کے اتحادیوں کو تاریخی شکست دی جا چکی ہے، جبکہ دوسرے محاذ پر بھی ہم منظم ہو چکے ہیں، اور بڑی متعدی کے ساتھ ہم نے اس پر کام شروع کر رکھا ہے، جس سے ہم پُر امید ہیں، اللہ سبحانہ و تعالی کی ذات اقدس سے ہمیں قوی امید ہے کہ ہمیں پاک سرزمین پر فتح سے نوازیں گے جیسے افغان سرزمین پر ہمیں نوازا، جہاد ایک مُعجِز فریضہ ہے، اس کے نتیجہ میں اُس چیز کو وجود ملتا ہے جو بظاہر ناممکن ہو۔ تیسری بات یہ کہ مفتی تقی عثمانی صاحب کے بیان سے عوام الناس کو یہ اشتباہ ہوتا ہے کہ گویا تحریک طالبان پاکستان گناہوں کی وجہ سے افواجِ پاکستان کی تکفیر کرتی ہے، حالانکہ حقیقت ایسی نہیں، دیگر مسائل کی طرح تکفیر کے موضوع میں بھی تحریک طالبان پاکستان کا مسلک اہل سنت والجماعۃ کا ہے کہ گناہوں پر ہم کسی کی تکفیر نہیں کرتے۔

مفتی صاحب کے بیان میں جو یہ کہا گیا ہے کہ آپ نے بچوں، عورتوں اور علماء تک کو نہیں بخشا۔ اس بیان پر ہمیں انتہائی افسوس ہے، شاید مفتی صاحب کو حقائق کا علم نہیں، ہم نے تو بچوں، عورتوں اور علماء کو شہید نہیں کیا۔ لگتا ایسا ہے کہ مفتی صاحب کے سامنے دشمن نے بعض واقعات کو اس رنگ میں پیش کیا ہے کہ گویا وہ تحریک طالبان پاکستان کے کام ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ بچوں، عورتوں اور علماء کے قاتل یا تو براہ راست پاکستانی سیکیورٹی ادارے ہیں یا پاکستانی اداروں کے زرخرید لوگ ہیں۔ ہم نے تو اِن مظلوموں کی جان، مال اور عزت وآبرو کی حفاظت کی خاطر نہ صرف یہ کہ اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے بلکہ ایسی قربانیاں دیں جن کی نظیر ماضیٔ قریب میں کوئی پیش نہیں کر سکتا۔ البتہ اگر تحریک کی طرف منسوب کسی شخص نے ناجائز قتل کئے ہوں تو یہ اس کا ذاتی فعل ہے، تحریک طالبان پاکستان اس سے پہلے بھی براءت کا اعلان کر چکی ہے اور اب بھی کرتی ہے، تحریک کے اہداف تحریک کے لوائح میں واضح و متعین ہیں، اگر شرعی عدالت میں اس کا یہ جرم ثابت ہو جائے تو ہم اسے شریعت کے مطابق سزا دینے سے بالکل نہیں ہچکچائیں گے، ان شاء اللہ۔

مفتی صاحب کی یہ بات کہ علماء نے روس وامریکہ کے خلاف جہاد کا فتویٰ دیا تھا، لیکن آپ نے اسے مسلمانوں کے خلاف استعمال کیا۔

اس بارے میں عرضِ خدمت ہے کہ جب افغانستان پر پاکستانی اسٹیبلشمنٹ کے تعاون سے امریکہ و نیٹو نے حملہ کیا اور اس کے نتیجے میں آزاد قبائل کی طرف افغان مجاہدین وغیرہ ہجرت پر مجبور ہوئے اور پاکستانی عوام بالخصوص آزاد قبائل نے انہیں پناہ دی تو افواجِ پاکستان نے امریکی حکم پر مہمان مجاہدین اور قبائلی عوام کے خلاف ظالمانہ اپریشنوں کا سلسلہ شروع کیا، ان اپریشنوں کے خلاف اُس وقت ملک کے جید و ممتاز ۵۰۰ سے زائد علماء کرام نے ایک فتویٰ جاری کیا تھا، جس میں علماء کرام نے افواجِ پاکستان کے اپریشنوں کو ناجائز و حرام کہا تھا، افواجِ پاکستان کو قطاع الطریق اور ڈاکو کہا تھا، ان کے مارے جانے کی صورت میں انہیں مردار کہا تھا، ان کی نمازِ جنازہ کے بارے میں قطاع الطریق و رہزنوں والے احکامات جاری کیے تھے، جبکہ بالمقابل قبائلی مجاہدین و عوام کے اقدام کی تائید کی تھی، مارے جانے کی صورت میں انہیں شہید کہا تھا۔ ہم اُس فتویٰ کی بات کرتے ہیں جو "وانا اپریشن سے متعلق علماء کرام کا متفقہ فتویٰ" کے نام سے مشہور ہے۔

آخر میں ایک بار پھر کہتا ہوں کہ جن علماء کو ہمارے جہاد میں شکوک وشبہات ہوں اور دلائل کی روشنی میں ہمارے ساتھ افہام وتفہیم کے لیے مکالمہ کرنا چاہیں تو ثالث کے وجود میں ہم ہر وقت اس کے لیے تیار ہیں۔

وصلی اللّٰہ علی خیر خلقہ محمد وعلی اٰلہ واصحابہ اجمعین

مولانا عبد العزیز غازی حفظہ اللہ سے ملاقات

عبد اللہ اسلام آبادی

کچھ عرصہ قبل خطیب لال مسجد مولانا عبد العزیز غازی صاحب دامت برکاتھم العالیہ کی زیارت نصیب ہوئی اور گفتگو کا موقع ملا، جو بہت عرصے سے میری دلی خواہش تھی اور بالآخر اللہ رب العزت نے پوری فرمادی۔ میں جب سوشل میڈیا پر دیکھتا تھا کہ جامعہ حفصہ و لال مسجد کا کچھ مسئلہ بنتا ہے تو بچیاں ہی خاردار تاریں اٹھاتی ہیں، سڑکوں پر نکلتی ہیں اور پہرے دیتی ہیں۔ مجھے تشویش ہوتی تھی اور سوچتا تھا کہ غازی صاحب کے پاس ہی مَردوں کا مدرسہ جامعہ فریدیہ بھی موجود ہے، ساتھ جامعہ حفصہ میں بھی تو مرد بھی موجود ہوں گے لیکن غازی صاحب کے ساتھ اکثر بچیاں ہی نظر آئیں مرد بہت کم نظر آتے ہیں، لیکن جب غازی صاحب سے ملا اور ان سے گفتگو کی، انکا درد دل سنا تو سب اشکالات ختم ہوگئے بلکہ خود پر اور غازی صاحب کے چاہنے والوں پر دکھ و افسوس ہونے لگا۔

مکمل تفصیل تو نہیں لکھ سکتا مگر چند سطور میں سمیٹنے کی کوشش کروں گا کہ غازی صاحب نے کیا کہا؟۔

غازی صاحب کا کہنا تھا کہ یہ انتظامیہ والے ظاہراً تو بڑے اچھے لگتے ہیں جیسا کہ ان سے بڑھ کر شریف کوئی ہے ہی نہیں، لیکن یہ بدمعاش ظلم کی انتہاء کرتے ہیں۔ کبھی راستے بند کردیتے ہیں، کبھی بجلی کاٹ دیتے ہیں، گرمی و سردی ہوتی ہے، بھوک و پیاس کے حالات آتے ہیں، لیکن انکو کوئی پرواہ ہی نہیں ہوتی، ظالم و جابر ہیں یہ سب... بس یہی کہتے ہیں کہ "ہمیں اوپر سے آڈر ہے، ہم بے بس ہیں" لیکن اوپر والے آج تک سامنے نہیں آئے۔ میں اگر جمعہ کے لئے یا ویسے ہی لال مسجد آؤں تو ایک دم سے حرکت میں آجاتے ہیں۔ لیکن الحمد للہ اپنی استطاعت کے مطابق ہم بھی لگے ہوئے ہیں، گرمی و سردی برداشت کر رہے ہیں، رب پر بھروسہ کر کے نکل آتے ہیں اپنا کام پورا کرتے ہیں۔ آزمائشوں پر اللہ سے صبر مانگتے ہیں اور یہ دھمکیاں بھی دیتے ہیں، میں تو ان سے کہتا ہوں تم سے پہلے بھی بہت آئے، ان کا نام و نشان تک نہ رہا، تم بھی مٹ جاؤ گے۔ ان شاء اللہ۔ اہل حق کی حکومت آئے گی اور بہت جلد آئے گی تمہارا بہت تھوڑا وقت رہ گیا ہے تم بھی بھاگو گے جیسے افغانستان میں لوگوں کا بھاگتے ہوئے سماں نظر آیا۔

کہتے ہیں کہ جب بھی کوئی مسئلہ پیش آتا ہے تو کوئی بھی ساتھ نہیں دیتا حتی کہ طلباء بھی، اکیلے ان کے ساتھ لڑنا پڑتا ہے۔ خوف کی فضاء ہے، بس یہ طالبات ہیں جو بغیر کہے میرے ساتھ کھڑی ہوجاتی ہیں، جب اور کوئی نہیں ہوتا تو یہ خود پہرے بھی دیتی ہیں، پولیس کی بچھائی ہوئی خاردار تاریں بھی اٹھاتی ہیں اور ان کا سامنا بھی کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی زندگیوں میں برکت عطاء فرمائے۔ ویسے تو بہت کہتے ہیں کہ "ہمارا سب کچھ آپ پر قربان اور ہمیں آپ سے بہت محبت ہے" محبت اپنی جگہ لیکن مشکل وقت میں ان بچیوں کے سوا کوئی نہیں کھڑا ہوا۔ جو مدرسہ ہے لڑکوں کا وہ بھی نہیں آتے، ڈرتے ہیں۔ "استاد جی لال مسجد نہیں جاسکتے مسئلہ بن جائے گا" میں کہتا رہتا ہوں کہ "آپ میرے ساتھ لال مسجد نہیں جاسکتے تو کشمیر و فلسطین کیا جاؤ گے؟ یہ بچیاں بغیر کہے تیار ہوجاتی ہیں، یہی تم سے بہتر ہیں"۔

میں نے استفسار کیا کہ آپ کے نام پر پر تو تنظیم بھی معرض وجود میں آئی ہے، کیا وہ بھی ان مشکلات میں آپ کے ساتھ کھڑی نہیں ہوتی؟ ہم تو کافی دعوے سنتے آرہے ہیں۔ سب اپنی جگہ کام کر رہے ہیں، مجھے کسی سے کوئی شکوہ نہیں ہے، اللہ کی مدد سے چل رہے ہیں، انہوں نے جواب دیا۔

یہ سب کچھ سننے کے بعد اور کچھ پوچھنے کی ہمت نہ تھی، سب کچھ نظر آرہا تھا، نہ کوئی مالی اور نہ افرادی قوت نظر آرہی تھی، بس تنِ تنہا ہر وقت طاغوت اور ان کے ایجنٹوں کو للکارنا، ان کا کوئی بیان، کوئی دعا ایسی نہیں ہوتی جس میں اس طاغوتی نظام کی حقیقت بیان نہ کی ہو۔

میں وہیں تھا کہ ان دنوں محاصرے کی کیفیت بنی، غازی صاحب لال مسجد میں موجود تھے، باہر خاردار تاریں لگادی گئیں، ان گنہگار آنکھوں سے دیکھا کہ غازی صاحب خود وہ تاریں اٹھارہے ہیں۔ یہ نظارہ دیکھ کر دل بہت اداس ہوا، اور غازی صاحب کی بتلائی ہوئی کہانی کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا۔

اے مجاہدو!

اے دین کے راہیو!

واللہ العظیم کوئی بیان، کوئی دعا ایسی نہیں ہوتی جس میں غازی صاحب مجاہدین کی حقانیت کو بیان نہ کریں، انکے لئے دعا نہ کریں۔ مجاہدین کا نام سنتے ہی ان چہرے پر خوشی کے آثار نظر آنا شروع ہوتے ہیں، بڑے پیار سے ان سے ملتے ہیں، خیریت دریافت فرماتے ہیں اور دعاؤں سے نوازتے ہیں۔ اس سب صورتحال کو دیکھنے کے بعد بجائے اس کے کہ میں انہیں حوصلہ دیتا، ان کا ساتھ نبھانے کا عہد کرتا... مجھے تو غازی صاحب کی اعلی ظرفی دیکھ کر رشک آگیا، انہوں نے الٹا مجھے حوصلہ دیا، ساتھیوں کے لئے دعائیں کیں اور کہا:

"ان شاء اللہ حق غالب ہوگا
یہ طاغوتی نظام آخری ہچکولے کھارہا ہے یہ کھوکلا ہوچکا ہے
بہت جلد مجاہدین کی حکومت ہوگی
ہم ہونگے یا نہیں مگر آپ یاد رکھنا کہ بہت جلد یہ طاغوتی نظام ختم ہونے والا ہے"۔

میں جس ساتھی کے ذریعے غازی صاحب سے ملا، وہ بھی غازی صاحب کے ساتھ بحیثیت محافظ کچھ وقت رہا تھا، انہوں نے بتایا کہ ان کے ساتھ رہنا محاذ سے بھی زیادہ مشکل ہے، بس جو ان کے ساتھ ہیں اللہ ان کو استقامت دے، صبر سے نوازے باقی ان کا ساتھ واقعی کوئی بھی نہیں دیتا، مجاہدین بھی اِن حالات میں ساتھ کھڑے نہیں ہوسکتے، بس غازی صاحب نے جو کہا بلکل درست کہا، میں اس چیز کا گواہ ہوں کہ کوئی بھی مشکل میں انکے ساتھ نہیں ہے سوائے باتوں کے۔

میری تمام مجاہدین سے التجاء ہے کہ وہ اس معاملے کی طرف متوجہ ہوجائیں، یقیناً ہم اس معاملے میں مجرم ہیں۔ اگر آپ کہتے ہیں کہ ہم کارروائی کریں گے تو جامعہ اور غازی صاحب کیلئے مسائل کھڑے ہوں گے تو بتائیے کہ آج تک ساتھ نہیں دیا تو کیا مسائل نہیں بنے؟ اس خیال کو اب ختم کردو اور ان افسران سے بدلہ لو انہوں نے غازی صاحب کو تنہا سمجھا اسلئے ایسا کیا، اب عہد کرو کہ ان ظالموں کو اوقات یاد دلائیں گے۔ سب ساتھیوں کی قربانی اپنی جگہ، اسکا الگ مقام ہے لیکن غازی صاحب کی قربانی بہت زیادہ ہے، اس کی قدر ان کی زندگی میں ہمیں کرنی چاہیے اور ان ظالموں سے حساب لینا چاہیے، یہ ہمارا فرض ہے۔

سوشل میڈیا کے ساتھ منسلک مجاہدین کیلئے ہدایات!

فحاشی دیکھنے سے گریز کریں:

قال اللّٰہ تعالی: قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ• (سورۃ النور ۳۰)

ترجمہ: کہہ دو ایمان والوں سے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرم گاہوں کو بھی محفوظ رکھیں، یہ ان کے لیے بہت پاکیزہ ہے، بے شک اللہ جانتا ہے جو وہ کرتے ہیں۔

عن أبي أمامة عن النبی ﷺ قال: لتغضن أبصاركم ولتحفظن فروجكم أوليكسفن اللّٰه وجوهكم. (الترغيب والترهيب)

ترجمہ: حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ ضرور اپنی نگاہوں کو نیچی رکھا کرو اور اپنی شرم گاہوں کی ضرور حفاظت کیا کرو ورنہ اللہ تعالی ضرور تمہارے چہروں کو بے رونق کردے گا۔

الاحتیاط (دوسرا حصہ)

مولانا طہٰ حفظہ اللہ

الاحتياط فى القتل:

في الصحيحين عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم «أول ما يقضى بين الناس يوم القيامة في الدماء» وفي الحديث الذي رواه أبو داود عنه عليه الصلاة والسلام: «لا يزال المؤمن معنقا (أي مسرعا في سيره) صالحا ما لم يصب دما حراما، فإذا أصاب دما حراما بلح» - أي انقطع من الإعياء والوهن -»

وفي حديث آخر: «لزوال الدنيا أهون عند اللّٰه من قتل رجل مسلم». وفي الحديث الآخر «لو اجتمع أهل السموات والأرض على قتل رجل مسلم لأكبهم اللّٰه في النار»

روى الإمام أحمد عن معاوية قال: سمعت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: «كل ذنب عسى اللّٰه أن يغفره، إلا الرجل يموت كافرا، أو الرجل يقتل مؤمنا متعمدا»

ترجمہ: إمام احمدؒ معاویہؓ سے نقل کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ شاید ہر گناہ اللہ تعالیٰ معاف فرمائے سوائے اس شخص کے جو کفر کی حالت میں مرے اور (سوائے) اس شخص کہ جو قصداً مؤمن کو قتل کرے۔

محترم مجاہدین بھائیو! مسلمان کو قتل کرنا اتنا بڑا گناہ ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سب سے پہلے اسی کے بارے میں فیصلہ کرے گا اور دوسری بات یہ کہ یہ عمل نیکیوں اور جہاد کی ترقی کی راہ میں بہت بڑی رکاوٹ ہے، تو مجاہدین کو چاہئے کہ وہ اس عمل سے بچیں اور کسی کو قتل کرنے میں انتہائی احتیاط سے کام لیں جو جہاد میں ترقی کا اہم سبب بھی بن سکتا ہے۔

اسی طرح مسلمانوں کے اموال کے حوالے سے بھی احتیاط لازم ہے۔

الاِحتیاط فی الاموال:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ (١٨٨)

ترجمہ: اور مت کھاؤ اپنے (یعنی ایک دوسرے کے) اموال باطل طریقے سے اور اسے حاکموں کے آگے رشوت کے طور پر مت پیش کرو کہ کھاجاؤ تم....

وَالْحَاصِلُ: أَنَّ مَا لَمْ يُبِحِ الشَّرْعُ أَخْذَهُ مِنْ مَالِكِهِ فَهُوَ مَأْكُولٌ بِالْبَاطِلِ، وَإِنْ طَابَتْ بِهِ نَفْسُ مَالِكِهِ، كَمَهْرِ الْبَغِيِّ، وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ، وَثَمَنِ الْخَمْرِ.

(فتح القدير للشوكاني (١/ ٢١٧)

ترجمہ: الغرض ہر وہ مال جس کی شریعت نے مالک کی طرف سے اجازت نہ دی ہو تو یہ باطل طریقے سے کھایا جانے والا مال ہے اگرچہ مالک اس پر راضی ہو جیسے زنا کا عوض، کاہن کا میٹھا (ہدیہ) اور شراب کی قیمت۔

قال العلماء: حرمة مال المسلم كحرمة دمه قال عليه الصلوة والسلام: "كل المسلم على المسلم حرام دمه وعرضه وماله". و قال: "لايحل مال امرئ مسلم إلا بطيبة نفس منه" فالظلم حرام شرعا وعقلا (روح البيان ٢/ ١٩٦)

علمائے کرام فرماتے ہیں کہ مسلمان کے مال کی حرمت اس کے خون کی حرمت جیسی ہے۔ نبی علیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں کہ مسلمان پر ہر مسلمان کا (ناحق) خون اور (بلااجازت) مال حرام ہے۔ اور فرماتے ہیں کہ کسی مسلمان کا مال کسی کیلئے حلال نہیں مگر اس کی خوشی سے۔ پس ظلم کرنا شرعاً و عقلاً حرام ہے۔

وَفِيهِ دَلِيلٌ أَنَّ مَالَ الْغَيْرِ لَا يَحِلُّ لِلْغَيْرِ بِقَضَاءِ الْقَاضِي، فَقَدْ ذَكَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّفْظَيْنِ فِي الْوَعِيدِ، الثَّانِي أَشَدُّ مِنْ الْأَوَّلِ كَمَا قَالَهُ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: وَهَذَا لِأَنَّ حُرْمَةَ مَالِ الْمُسْلِمِ كَحُرْمَةِ نَفْسِهِ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "سِبَابُ الْمُسْلِمِ فِسْقٌ وَقِتَالُهُ كُفْرٌ وَحُرْمَةُ مَالِهِ كَحُرْمَةِ نَفْسِهِ" فَكَمَا أَنَّ مَنْ قَصَدَ قَتْلَ الْمُسْلِمِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَجَزَاؤُهُ مَا قَالَ اللَّهُ تَعَالَى {فَجَزَاؤُهُ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيهَا} [النساء: ٩٣]. فَكَذَلِكَ إذَا قَصَدَ أَخْذَ مَالِهِ بِالْبَاطِلِ وَالتَّلْبِيسِ. (المبسوط للسرخسي ١٦/ ٨٦)

ترجمہ: اس حدیث میں دلیل ہے کہ غیر کا مال قاضی کے فیصلے سے حلال نہیں ہوتا، یقیناً رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وعید میں دو لفظوں کا تذکرہ کیا ہے کہ دوسرا پہلے سے زیادہ سخت ہے جیسا کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ "اسلئے مالِ مسلم کی حرمت اس کی جان کی حرمت جیسی ہے" نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا: مؤمن کو گالی دینا گناہ ہے اور اس کو قتل کرنا کفر ہے اور اس کے مال کی حرمت جان کی حرمت جیسی ہے۔ پس جیسا کہ کسی نے مسلمان کو بغیر حق کے قتل کرنے کا ارادہ کیا تو اس کی جزا وہی ہو گی جو اللہ نے فرمائی ہے (یعنی کہ جہنم میں مکث طویل) تو یہی سزا اس کی بھی ہو گی جو کسی کا مال ناحق طریقے سے کا ارادہ کرے۔

محترم مجاہدین بھائیو!

کسی کو کافر کہنے میں، قتل کرنے میں اور ایک دوسرے کا مال لینے میں انتہائی احتیاط سے کام لینا چاہئے اسلئے کہ اس سے دنیا و آخرت دونوں کی بربادی کا امکان ہے اور یہ اعمال آئندہ کیلئے نیکیوں میں رکاوٹ کا ذریعے بھی بن سکتے ہیں۔ اور پھر جہاد فی سبیل اللہ جو کہ ایک عظیم عبادت ہے تو پھر اس میں بھی ترقی مشکل ہو جاتی ہے۔ جہاد تو ہم اپنی دنیا و آخرت سنوارنے کیلئے کرتے ہیں تو پھر کیونکر ایسے اعمال کئے جائیں اور بے احتیاطی سے کام لیا جائے جس سے ہمیں یہ عظیم مرتبہ حاصل ہونے میں رکاوٹیں بنیں۔ اللہ ہمیں عمل کرنے کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین۔

رکن رہبری شوریٰ عمر خراسانی حفظہ اللہ کا خصوصی انٹرویو

معزز قارئین!

مجلہ طالبان کے شمارہ نمبر ۱۲ میں سلسلہ انٹرویوز میں اس بار، حال ہی میں تحریک طالبان پاکستان کے رہبری شوریٰ کے رکن تعینات ہونے اور پچھلے دو سالوں میں بالترتیب ولایت پشاور و کوہاٹ کیلئے بحیثیت والی فرائض انجام دینے والے محترم عمر خراسانی صاحب کا انٹرویو شامل کیا گیا ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: مجلہ طالبان کے قارئین کے سامنے اپنا مختصر تعارف کروائیں

عمر خراسانی: بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلاۃ والسلام علی أشرف الأنبیاء والمرسلین، سیدنا ونبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ أجمعین.

سب سے پہلے تو مجلہ "طالبان" کے ایڈیٹر انچیف اور ان کی ٹیم کا شکر گزار ہوں کہ آپ لوگوں نے میرے خیالات لوگوں تک پہنچانے کا اہتمام کیا۔

میرا نام عمر خراسانی ہے، میرا پاکستان کے قبائلی علاقے مہمند ایجنسی کی تحصیل پنڈیالئی کے علاقے دویزئی سے ہے۔ میں تحریک طالبان پاکستان سے وابستہ ہوں اور اس وقت تنظیم کے مرکزی شوری کے رکن کے طور پر اپنی جہادی سرگرمیوں کو آگے بڑھا رہا ہوں۔

ٹیم مجلہ طالبان: حال ہی میں آپ کو رہبری شوریٰ کا رکن مقرر کیا گیا ہے، اس کے بارے میں آپ کے کیا تاثرات ہیں؟

عمر خراسانی: رہبری شوریٰ کا رکن مقرر ہونا یقیناً میرے لیے اعزاز کی بات ہے اور مجھ پر اس اعتماد کے لیے میں شوریٰ کے تمام اراکین اور قیادت کا مشکور ہوں جنہوں نے مجھے اس قابل سمجھا۔ میری کوشش ہوگی کہ تحریک کے اس مؤثر پلیٹ فارم کو استعمال کرتے ہوئے اسلام، جہاد اور مجاہدین کی بہتری کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لاؤں۔ ان شاء اللہ۔

ٹیم مجلہ طالبان: تحریک طالبان پاکستان میں اپنی سابقہ اور حالیہ مصروفیات سے آگاہ کریں؟

عمر خراسانی: میں نے تحریک طالبان پاکستان میں شمولیت کے بعد اپنی ابتدائی جہادی تربیت ۲۰۰۷ء میں تحریک طالبان پاکستان کے ابتدائی دنوں میں اپنے محبوب قائد عمر خالد خراسانی شہید رحمہ اللہ سے حاصل کی۔ بعد ازاں میں نے مہمند ایجنسی میں قائم خصوصی جہادی گروپ "چینہ اسپیشل گارڈ" میں شمولیت اختیار کی، وہاں چھوٹے ہتھیاروں کے ساتھ ساتھ زیادہ سنائپر، دھماکہ خیز مواد، انٹیلی جنس اور شہری جنگ کی تربیت حاصل کی۔ ۲۰۰۸ء میں عمر خالد خراسانی رحمہ اللہ کا سیکیورٹی چیف اور جلد ہی ان کے سیکریٹری کے طور پر کام شروع کیا۔ مہمند ایجنسی کے زون میں ٹی ٹی پی کے سربراہ کے طور پر خدمات انجام دیں، اس کے بعد ٹی ٹی پی مہمند ایجنسی کے انٹیلی جنس ونگ کے سربراہ کے طور پر بھی کام کیا۔ حزب الاحرار کی سربراہی کے لیے بھی ساتھیوں نے مجھ پر اعتماد کیا جس کو بعد میں ہم نے جہاد کے اجتماعی فائدے کو سامنے رکھتے ہوئے تحریک طالبان پاکستان میں ضم کر دیا۔

موجودہ سیٹ اپ میں، میں نے پشاور اور کوہاٹ کے گورنر/والی کے طور پر کام کیا، جبکہ حال میں تحریک کے رہبری شوری کے رکن کے طور پر کام کر رہا ہوں۔ اللہ توفیق دے۔ آمین۔

ٹیم مجلہ طالبان: آپ نے محترم کمانڈر عمر خالد خراسانی رحمہ اللہ کے ساتھ تقریبا ایک عشرہ گزارا، ان کی ذاتی اور پروفیشل زندگی کا مختصر تذکرہ کن الفاظ میں کرنا چاہیں گے؟

عمر خراسانی: آپ نے مجھ سے ایسی شخصیت کے بارے میں سوال کیا، جس کے بارے میں اپنے خیالات کے اظہار کے لیے شاید مجھے وہ الفاظ نہ ملیں جس سے ان کی شخصیت کا احاطہ کیا جا سکے، مگر میں مشت نمونہ خروار کے طور پر اپنے تجربے اور یادیں آپ کے قارئین کے لیے شیئر کروں گا۔

عمر خالد خراسانی رحمہ اللہ ایک سحر انگیز شخصیت کے مالک ایک بہترین جہادی قائد تھے، جنہوں نے انتہائی مشکل حالات میں کم مادی وسائل کے باوجود جنوبی ایشیاء کی سب سے بڑی جہادی تنظیم تحریک طالبان پاکستان کے قیام میں نہ صرف کردار ادا کیا بلکہ اسے تناور درخت بنانے کے لیے ہر طرح کے خطرات کا سامنا کیا۔ وہ اولوالعزم ہونے کی زندہ مثال تھے اور جس چیز کا عزم کرتے اسے حاصل کرنے کے لیے آخری حد تک جاتے۔ ان کا عزم تھا کہ وہ پاکستان میں مکمل اسلامی نظام کی نفاذ کے لیے کسی بھی ممکن کام سے دریغ نہ کریں۔ ان کا ماننا تھا کہ ہمیں اس مکار دشمن پر کبھی بھی اعتماد نہیں کرنا چاہئے، بلکہ اپنے مقدس جہاد کے ذریعے اسلامی نظام نافذ کرنا چاہتے تھے۔ وہ کہا کرتے تھے اگر ریاست ۹۹ فیصد اسلام نافذ کریگی تو باقی ماندہ ۱ فیصد کے لیے بھی ان کے خلاف لڑوں گا جب تک کہ مکمل اور پورا اسلامی نظام نافذ نہیں ہوتا۔ وہ جہاد پاکستان کے ثمرات کی خاطر اتحاد و اتفاق پر بہت زور دیتے تھے اور اتحاد و اتفاق کے لیے، جو بھی کوشش کرتے تھے وہ بلا قید و شرط ان کے ساتھ ہو جاتے تھے۔ کہا کرتے تھے میں مجاہدین کے اتحاد و اتفاق کو برقرار رکھنے

کے لیے کسی بھی جونیئر ساتھی کی اطاعت قبول کروں گا۔ وہ رحماء بینھم کا مصداق تھے اور کسی بھی مجاھد ساتھی کے لیے اتنے حساس ہوتے تھے جتنا کوئی فرد اپنے فیملی ممبر کے لیے حساس ہوسکتا ہے۔ انہیں ہر ساتھی کی مشکلات اور ضروریات کا پتہ ہوتا تھا اور اسے پورا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرتے تھے۔ وہ ایک بہترین اور مدبر سیاستدان تھے اور ان کے سیاسی فیصلے اکثر درست ثابت ہوتے تھے، کبھی ایسا فیصلہ کرتے کہ ہم سب ان کی مخالفت کرتے مگر آخر وہی صحیح ہوتے۔ ان کا قوت فیصلہ بہت مضبوط تھا اکثر ہمیں کہا کرتے تھے جب بھی کوئی معاملہ درپیش ہو۔ دعائے استخارہ پڑھ کر اللہ پر توکل کرو اللہ تعالی تمہارے ساتھ ہوگا۔ وہ دل کے صاف و مخلص تھے اور کہا کرتے تھے کہ لوگوں کے ساتھ اتنے خلوص کیساتھ معاملہ کرو کہ وہ اگر تمہارے ساتھ برائی کرنے کا سوچے تو ان کا ضمیر ان کو ملامت کرے۔ انہوں نے دشمن کو لوہے کے چنے چبوا کر خود کو ایک بہترین عسکری قائد بھی ثابت کر دیا تھا اور دشمن ان کے نام سے ڈرتے تھے۔ یہی وجہ تھی کہ دشمن نے ان کو نشانہ بنانے کا کوئی راستہ نہیں چھوڑا اور میڈیا کے ذریعے ان کو بدنام کرنے کی ہر ممکن کوشش کی مگر وہ چٹان کیطرح وہاں بھی ان کا مقابلہ کرتے تھے اور دشمن اس کا اعتراف کرتا تھا۔ امیر محترم عمر خالد خراسانی رحمہ اللہ کی شہادت ناقابل تلافی نقصان ہے اور کوئی ان کی جگہ نہیں لے سکتا، مگر ہم ان کے راستے پر چلنے اور ان کے خوابوں کی تعبیر ڈھونڈنے کے لیے ان کے نقش کردہ راستوں پر چلتے رہیں گے۔ ان شاء اللہ۔

ٹیم مجلہ طالبان: محترم کمانڈر عمر خالد خراسانی رحمہ اللہ کے انتقام کے سلسلے میں کارروائیاں ہوئیں، آپ کیا سمجھتے ہیں یہ کب تک جاری رہنی چاہئیں؟

عمر خراسانی: جی بالکل، امیر محترم نے ہر مظلوم اور مجاہد کا انتقام لیا ہے وہ ہمیشہ سے مظلوم کیساتھ کھڑے ہوئے ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ اپنے ساتھیوں پر کئے گئے مظالم کا انتقام لیا ہے اور اس معاملے میں ان کا مؤقف کافی سخت ہوتا تھا اب جب انہیں شہید کر دیا گیا ہے تو ان کا انتقام ہمارے اوپر فرض ہے جس کے لیے ہم نے یہ مبارک سلسلہ شروع کیا۔ مزید اس حوالے سے تحریک طالبان پاکستان کی وزارت دفاع کا مؤقف ہمارا مؤقف ہوگا۔

ٹیم مجلہ طالبان: مجاہدین کے درمیان اتفاق و اتحاد کی اہمیت اور اس پر قائم رہنے کیلئے کیا کہنا چاہیں گے؟

عمر خراسانی: اتحاد و اتفاق ہی ہے، جو ہمیں ایک دوسرے سے جوڑ کر رکھتا ہے اور جب تک ہم ایک دوسرے سے جڑے ہیں تو دشمن کے مقابلے میں مضبوط ہونگے۔ تاریخ اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ جب امت نے تقسیم اور تفرقے کی راہ لی ہے تو زوال نے ان کا استقبال کیا ہے۔ اللہ سبحان و تعالی کا فرمان ہے: وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَلَا تَنَازَعُوا فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ وَاصْبِرُوا إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ•

پس مجاہدین کے لیے ضروری ہے کہ متحد رہیں تاکہ ان کا رعب و دبدبہ برقرار رہے اسی میں اسلام، جہاد اور مجاہدین کی بھلائی ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: کیا صرف یہی کافی ہے، یا اب بھی مزید پاکستانی مجاہدین کو تحریک طالبان پاکستان میں شامل ہو کر اس صف کو مضبوط کرنا باقی ہے؟

عمر خراسانی: میں سمجھتا ہوں کہ تحریک طالبان پاکستان، جہاد پاکستان کی سب سے مؤثر اور واحد بڑی منظم تحریک ہے اس میں شامل ہوجانا اور اس کو مضبوط کرنا دراصل اسلامی نظام کے لیے کی جانے والی کوششوں کو تقویت دینے کے مترادف ہے۔ جو لوگ اس بھلائی کے کام میں تحریک کا ساتھ دیں گے اس میں شامل ہونے والوں کے لیے کامیابی کا سامان ہے۔

ٹیم مجلہ طالبان: پاکستانی فوج و حکومت کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

عمر خراسانی: حکومت اور فوج کو یہی کہنا چاہوں گا کہ آپ لوگوں نے اپنے مغربی آقاؤں کی خوشنودی کے لیے اسلام دشمنی میں مظالم کا جو بازار گرم کر رکھا ہے ہم اس پر خاموش نہیں رہیں گا، بہتر ہوگا کہ آپ خود کفر کا ساتھ چھوڑ کر دنیا اور آخرت کی خوشحالی اور امن کا سامان بحال کریں۔

ٹیم مجلہ طالبان: ہمارے مجاہدین اور عام قارئین کو کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

عمر خراسانی: مجاہدین کے لیے میرا پیغام ہے کہ وہ صبر و استقامت کیساتھ اپنی جدوجہد جاری رکھیں اور اپنے امراء کی اطاعت کریں تاکہ اللہ تعالی کی مدد آپ کیساتھ شامل حال رہے۔ عام مسلمانوں سے درخواست کروں گا کہ تحریک طالبان پاکستان آپ لوگوں کے درمیان سے نکلی ہوئی ایک جماعت ہے، جو صرف اسلامی نظام کی تنفیذ کے لیے برسرپیکار ہے، ان کے ہاتھ مضبوط کریں یہی آپ سب کے غمخوار ہیں۔

ریاست پاکستان میں جہاد سے متعلق استفتاء، سوالات تو مقتضائے حال کے موافق ہوں!

مولانا خالد قریشی

گزشتہ دسمبر کے اواخر میں "استفتاء بمعہ فتویٰ" کے عنوان کے تحت ایک فتویٰ جاری کیا گیا جس پر حسبِ معمول چند غیر معروف علمائے کرام بشمول علمائے اہلِ تشیع کے دستخط تھے۔ عام خیال یہی تھا کہ اس فتوے کی شاید ہی اس وقت کوئی ضرورت تھی، سوائے اس کے کہ اس سے چند روز قبل امیر تحریک طالبان پاکستان ابو منصور عاصم مفتی نور ولی محسود حفظہ اللہ کا ایک ویڈیو پیغام جاری ہوا تھا جس میں انہوں نے علمائے کرام کو مخاطب کیا تھا۔ قوی امکان ہے کہ اسی پیغام کے جواب میں اداروں کے متوسط طبقے نے متوسط و غیر معروف علماء سے فتویٰ دلوایا تاکہ عوام مطمئن ہو جائیں کہ ادارے ہر حوالے سے بیدار ہیں مگر اس کی خوب جگ ہنسائی ہوئی۔ آئیے ان سوالات کا ایک جائزہ لیتے ہیں۔ میری زیادہ توجہ اس بات کی طرف گئی کہ یہ سوالات ہی مقتضائے حال کے ساتھ موافق نہیں ہیں تو اس مضمون میں عوام کو مفتیان کرام سے مقتضائے حال کے موافق سوالات کرنے کا طریقہ بھی سکھانے کی کوشش کی جائے گی۔ مزید یہ کہ مفتیان کرام کو بھی چاہئے کہ عوام کو سمجھائیں اور جواب میں تفصیلاً لکھیں کہ آپ کا سوال تو ایسا ہے لیکن اس کو ہونا ایسے چاہئے، جیسا کہ مفتی تقی عثمانی صاحب اصول الافتاء میں رقم طراز ہیں کہ مفتی کا کام صرف سوال کا جواب دینا نہیں بلکہ احوال کے مطابق مستفتی کو راہ دکھانا بھی مفتی ہی کا کام ہے۔

استفتاء زاہد خان سکنہ پشاور کے نام سے ہے جس کے پہلے سوال میں تین اجزاء ہیں:

(۱) اسلام میں جہاد کا کیا حکم ہے؟

(۲) اس کا اعلان کن حالات میں جائز ہے اور کون کرے گا؟

(۳) کیا ہر کسی کو جہاد کے اعلان کا حق ہے؟

اگر بندہ فراست سے کام لیتے ہوئے بات کو گول نہ کرے اور سیدھا سیدھا یہی تین اجزاء اسطرح پوچھے کہ:

(۱) آج کل پاکستان میں چونکہ اسلامی نظام نہیں، بلکہ جمہوری نظام رائج ہے اور زنا، شراب، سود اور دیگر کئی حرام کاموں کو حلال سمجھ کر کیا جا رہا ہے تو ان حالات میں جہاد کا کیا حکم ہے؟

